مین جعفر بن محمد البغدادی ہے اور وہ متہم ہے اور اسناد طبرانی مین
ابو الصلت الہروی عبد السلام بن صالح ہے کہا گیا ہے اسی نے
اسکو بنایا ہے اور اسناد ابن عدی مین احمد بن سلمہ الجرجانی ہے
وہ ثقون سے جھوٹی حدیثین روایت کرتا ہے اور اسناد عقیلی مین
عمرو بن اسمعیل بن مجالد کذاب ہے اور اسناد ابن حبان مین
اسمعیل بن محمد بن یوسف ہے اور وہ حجت پکڑنے کی لائق نہین
اور ابن مردویہ نے بھی علی سے مرفوعا روایت کی ہے اور
اسکی اسناد مین وہ شخص ہے جس سے حجت پکڑنی جائز نہین ہے
اور بھی ابن عدی نے جابر سے ساتھ ان الفاظ کے روایت کی
ہے یعنی علی نیک آدمیون کا امیر ہے اور فاجرون کا قاتل ہے جو اسکو
مدد دے وہ منصور ہے اور جو اوسکو خوار کرے وہ خود خوار ہے مین شہر علم
کا ہون اور علی دروازہ اوسکا ہے پس جو شخص علم کا ارادہ کرے تو
چاہیے کہ دروازہ سے آئے کہا گیا ہے یہ صحیح نہین اور اسکا کچھہ اصل نہین بعد
ابن جوزی نے اس حدیث کو کئی طرق سے موضوعات مین روایت کیا
ہے اور تمام کے بطلان کا جزم کیا ہے اور ذہبی وغیرہ بھی اسی کے تابع ہوئے
ہین اور بعضون نے اسکا یون جواب دیا ہے کہ محمد بن جعفر البغدادی الفیدی
کی یحیی بن معین نے توثیق کی ہے اور ابا الصلت ہروی کی ابن معین اور
حاکم نے توثیق کی ہے اور یحیی سے یہ حدیث پوچھی گئی اونسے جواب
دیا یہ صحیح ہے اور ترمذی نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے اور حاکم نے
مستدرک مین ابن عباس سے مرفوعا روایت کی ہے۔ اور کہا
صحیح الاسناد ہے کہا حافظ ابن حجر نے صواب

قولهما معا يعني ابن الجوزي والحاكم وان الحديث من قسم الحسن لا يرتقي الى الصحة ولا ينحط الى الكذب انتهى وهذا هو الصواب لان يحيى بن معين والحاكم قد خولفا في توثيق ابي الصلت ومن تابعه فلا يكون مع هذا الخلاف صحيحا بل حسنا لغيره لكثرة طرقه كما بيناه وله طرق اخرى ذكرها صاحب اللآلي وغيره **حديث** كان رسول الله صلى الله تعالى عليه وآله وسلم يوحى اليه وراسه في حجر علي فلم يصل العصر حتى غربت الشمس فقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وآله وسلم لعلي صليت قال لا قال اللهم ان كان في طاعتك وطاعة رسولك فاردد عليه الشمس قالت اسماء فرأيتها غربت ثم رأيتها طلعت بعد ما غربت رواه الجوزقاني عن اسماء بنت عميس وقال انه مضطرب منكر وقال ابن الجوزي موضوع وفضيل بن مرزوق المذكور في اسناده قال ابن حبان يروي الموضوعات ورواه ابن شاهين من غير طريقه وفي اسناده احمد بن محمد بن عقدة رافضي رمي بالكذب ورواه ابن مردويه عن ابي هريرة مرفوعا وفي اسناده داود بن فراهيج وهو ضعيف قال في اللآلي فضيل ثقة صدوق احتج به مسلم في صحيحه واخرج له الاربعة وابن عقدة من كبار الحفاظ وقد كذب الدارقطني من اتهمه بالوضع وقواه قوم وضعفه آخرون وداود بن فراهيج مختلف فيه وقد وثقه قوم

ان دونو کے برخلاف ہی یعنے ابن جوزی اور حاکم کی اور حدیث قسم حسن سے ہے صحت کی درجہ کو نہیں پہونچتی اور نہ کذب کی حد تک اسکا انحطاط ہوتا ہی انتہے اور یہی صواب ہی اسلیے کہ یحیٰے بن معین اور حاکم توثیق ابی الصلت مین اور جو اسکا تابع ہوا ہے خلاف کیے گئے ہین پس اس خلاف کی موجب صحیح نہ ہوئی بلکہ حسن لغیرہ ہوگی بسبب بہت طرق کے جیسا کہ ہمنے بیان کیا ہے اور اسکے لیے اور طرق بھی ہین انکو صاحب لآلی وغیرہ نے ذکر کیا ہی **حدیث** ایکدفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف وحی آیا اور آپ کا سر مبارک علی کی گود مین تہا اوسنے نماز عصر کی نہ پڑہی تہی تا کہ آفتاب غروب ہوگیا۔ پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی سے پوچہا کیا تو نے نماز پڑہی ہے کہا اوسنے نہین تب آنحضرت نے دعا کی ای اللہ یہ تیری اطاعت اور تیرے رسول کی اطاعت مین تہا اسکے واسطے آفتاب لوٹا دے کہا اسمانے پہلے ہم نے آفتاب غروب ہوگیا دیکہا پہر ہمنے دیکہا کہ بعد غروب ہونے کے چڑہا ہے۔ اسکو جوزقانی نے اسما بنت عمیس سے روایت کیا ہی اور کہا یہ مضطرب منکر ہی اور کہا ابن جوزی نے موضوع ہی اور فضیل بن مرزوق جو اسناد مین مذکور ہے کہا ابن حبان نے یہ موضوعہ حدیثین روایت کرتا ہی اور ابن شاہین نے اسکو غیر اس طریق سے روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین احمد بن محمد بن عقدہ رافضی ہے اسکو کذب کی تہمت لگائی گئی ہی اسکو ابن مردویہ نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین داؤد بن فراہیج ہے اور وہ ضعیف ہے کہا لآلی مین فضیل ثقہ صدوق ہی اسکے ساتھ مسلم نے صحیح مین حجت پکڑی ہی اور اسکو چاروں نے اور ابن عقدہ عظیم القدر حافظوں سے روایت کیا ہی اور جسنے اسکو وضع کی تہمت لگائی ہی دارقطنی نے اسکی تکذیب کی ہی اور ایک قوم نے اوسکی تقویت کی ہی اور دوسری قوم نے اسکو ضعیف کہا ہی اور داؤد بن فراہیج مختلف فیہ ہے

وقد رواه الطحاوی فی مشکل الحدیث من
طریقین وقال هما ثابتان ورواتهما ثقات و
قد رواه الطبرانی وقد ذکر له صاحب اللآلی طرقا
والف فی ذلک جزءا **حدیث** انه قال رسول
الله صلی الله تعالی علیه وآله وسلم لعلی حین خرج
الی غزوة تبوک وخلف علیا بالمدینة فقال له
ان المدینة لا تصلح الا بی او بک وانت منی بمنزلة
هرون من موسی الا انه لا نبی بعدی رواه ابن حبان
عن سعد بن ابی وقاص مرفوعا وقال باطل فی
اسناده حفص بن عمر الایلی کذاب یحدث عن
الائمة بالبواطیل ورواه الحاکم فی المستدرک
من حدیث علی وقال صحیح الاسناد وتعقبه الذهبی
بان فی اسناده حکیم بن جبیر وهو ضعیف و
عبد الله بن بکر الغنوی وهو منکر الحدیث و
قد رواه ابن حبان من غیر طریقه عن عائشة
مرفوعا وفی اسناده الحسن بن علی العدوی وقال
انه الذی صنعه وقد رواه ابن النجار من غیر طریقه
واما اصل الحدیث وهو قوله انت منی بمنزلة
هرون من موسی فهو فی الصحیحین وغیرهما
حدیث النظر الی علی عبادة رواه الطبرانی عن ابن
مسعود مرفوعا وفی اسناده یحیی بن عیسی الرملی
ولیس بشیء ولکنه قد تابعه منصور بن ابی
الاسود کما رواه الشیرازی فی الالقاب وتابعه
ایضا عاصم بن عمر البجلی کما رواه ابو نعیم فی
فضائل الصحابة کلهم عن الاعمش وقد اخرج

اور طحاوی نے اسکو مشکل الحدیث مین دو طرق سے روایت کیا ہے
اور کہا یہ دونو طرق ثابت ہین اور راوی انکے ثقہ ہین اور طبرانی
نے اسکو بھی روایت کیا ہے اور صاحب لآلی نے اسکیلیے کئی طرق
ذکر کیے ہین اور اسمین ایک جزو لکھی ہے **حدیث** جب رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم جنگ تبوک کیطرف نکلے اور علی کو مدینہ مین پیچھے
رہنے کے واسطے حکم دیا اوسنے کہا مجھے آپ عورتون اور لڑکون
مین پیچھے چھوڑتے ہو آپنے اوسکو فرمایا مدینہ نہین صلاحیت رکھتا
مگر ساتھ میرے یا تیرے اور تو مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہی موسے سے مگر یہ کہ
میرے بعد کوئی نبی نہین ہے اسکو ابن حبان نے سعد بن ابی وقاص سے
مرفوعا روایت کیا ہی اور کہا باطل ہی اسلیے کہ اسکی اسناد مین حفص بن
عمر الایلی کذاب ہی اماموں سے جھوٹی حدیثین روایت کرتا ہے اور حاکم
نے اسکو مستدرک مین علی سے روایت کیا ہی اور کہا صحیح الاسناد ہے
اور ذہبی نے اسکا اسطرح تعقب کیا ہی کہ اسکی اسناد مین حکیم بن جبیر ہے اور
وہ ضعیف ہی اور عبد اللہ بن بکر الغنوی ہے اور وہ منکر الحدیث ہی اور ابن
حبان نے غیر اس طریق سے عائشہ سے مرفوعا روایت کی ہی اور اسکی اسناد
مین حسن بن علی العدوی ہے اور کہا اوسنے یہ حدیث بنائی ہے اور
ابن نجار نے غیر اس طریق سے روایت کیا ہو لیکن اصل اس
حدیث کا یعنے یہ قول (تو مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہی موسے سے) یہ صحیحین
وغیرہ مین ہے **حدیث** علی کی طرف دیکھنا عبادت ہے
اسکو طبرانی نے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا ہے اور
اسکی اسناد مین یحیی بن عیسے الرملی ہے اور وہ کچھ شے
نہین ہے لیکن اسکا تابع منصور بن الاسود ہوا ہی جیسا کہ شیرازی
نے القاب مین روایت کی ہے اور عاصم بن عمر البجلی بھی اسکا
تابع ہوا ہے جیسا کہ ابو نعیم نے فضائل الصحابہ مین
سب نے اعمش سے روایت کی ہے اور + + +

الحاکم فی المستدرک من طریق یحیی المذکور
ومن طریق عاصم ورواہ الخطیب عن ابی
ھریرۃ مرفوعا وفی اسنادہ محمد بن ایوب
بن الضریس یروی الموضوعات ومحمد بن
اسمعیل الرازی قال الذھبی فی المیزان ھو
المتھم بوضعہ ورواہ ابن ناصر عن ابن عباس
مرفوعا وفی اسنادہ عبادۃ الحمانی قال احمد
وغیرہ کذاب وفی اسنادہ ایضا یزید بن زیاد
قال النسائی متروک ورواہ الدارقطنی عن
جابر مرفوعا وابن عدی عن انس مرفوعا وفی
اسنادھما العدوی ولا یحتج بہ ورواہ ابن عدی
باسناد اخر فیہ محمد بن القسم الاسدی قیل
کذاب و قال فی اللآلی ھو من رجال الترمذی
وقد روی احمد بن ابی خیثمۃ عن ابن معین انہ
قال ثقۃ ورواہ ابن عدی ایضا عن ثوبان مرفوعا
وفی اسنادہ یحیی بن سلمۃ بن کہیل قیل ھو
متروک قال فی اللآلی ھو من رجال الترمذی
قال فی المیزان وقد قواہ الحاکم وحدہ واخرجہ
فی المستدرک فلم یصب ورواہ ابن مردویہ عن
ابی سعید مرفوعا وفی اسنادہ محمد بن یوسف
الکدیمی وضاع وقد رواہ الحاکم فی المستدرک
من غیر طریقہ وقال صحیح الاسناد ورواہ
الطبرانی عن عمران بن حصین مرفوعا وابو نعیم
عن عائشۃ مرفوعا وفی اسنادہ عبادۃ بن
صھیب وھو متروک ورواہ ابن ابی الفراتی

حاکم نے مستدرک مین طریق یحیے بن مذکور اور طریق عاصم سے
روایت کی ہی اور خطیب نے ابی ہریرہ سے مرفوعًا روایت کی ہی اور اسکی
اسناد مین محمد بن ایوب بن ضریس ہے یہ موضوعات روایت
کرتا ہے اور محمد بن اسمعیل الرازی کہا ذہبی نے میزان مین یہ وضع
کے ساتھہ متہم ہی اور ابن ناصر نے ابن عباس سے مرفوعًا روایت کی
ہے اور اسکی اسناد مین عبادۃ الحمانی ہے کہا احمد وغیرہ نے یہ کذاب ہے
اور بھی اسکی اسناد مین یزید بن زیاد ہے کہا نسائی
نے متروک ہی۔ اور اسکو دارقطنی نے جابر سے مرفوعًا اور
اور ابن عدی نے انس سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور ان
دونو کی اسناد مین عدوی ہے اور حجت کے لائق نہین ہے
اور ابن عدی نے دوسرے اسناد سے جسمین محمد بن قاسم
الاسدی ہے روایت کیا ہے کہا گیا ہے یہ کذاب ہی اور
کہا لآلی مین یہ راویان ترمذی سے ہے اور احمد بن ابی خیثمہ نے
ابن معین سے روایت کی ہے کہ یہ ثقہ ہے اور اسکو ابن عدی
نے بھی ثوبان سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین
یحیے بن سلمہ بن کہیل ہے کہا گیا ہے وہ متروک ہی کہا لآلی
مین یہ راویان ترمذی سے ہے کہا میزان مین اسکی اکیلے
حاکم نے تقویت کی ہے۔ اور مستدرک مین لایا ہی اور
صواب کو نہین پہونچا اور اسکو ابن مردویہ نے ابی سعید سے مرفوعًا
روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد مین محمد بن یوسف الکدیمی
وضاع ہے اور حاکم نے بھی مستدرک مین غیر اس طریق سے
روایت کی ہی اور کہا صحیح الاسناد ہے اور طبرانی نے
اسکو عمران بن حصین سے مرفوعًا اور ابو نعیم نے عائشہ سے
مرفوعًا روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد مین عبادہ بن
صہیب ہی اور وہ متروک ہی اور ابن ابی الفراتی نے اسکو

فی جزئه عن جابر و معاذ مرفوعا فظهر بهذا
ان الحدیث من قسم الحسن لغیره لا صحیحا
کما قال الحاکم و لا موضوعا کما قال ابن الجوزی
حدیث امر رسول الله صلی الله علیه و آله
وسلم بسد الابواب الشارعة فی المسجد و ترک
باب علی رواه احمد فی المسند عن ابن عمرو
عبد الله بن الرقیم الکنانی مرفوعا و رواه ابو
نعیم عن ابن عباس مرفوعا و رواه النسائی
عن زید بن ارقم مرفوعا و روی النسائی ایضا ما
یشهد له عن سعد بن ابی وقاص قال ابن الجوزی
طرقه کلها باطلة اما حدیث ابن عمر فلکون فی
اسناده هشام بن سعد قال ابن معین لیس
بشیٔ و اما حدیث عبد الله بن الرقیم فلکونه
فی اسناده عبد الله بن بشیر و هو کذاب و
اما حدیث ابن عباس فلکون فی اسناده یحیی بن
عبد الحمید الحمانی قال ابن حبان کذاب و اما
حدیث زید بن ارقم فلکون فی اسناده میمون مولی
عبد الرحمن بن سمرة قال ابن معین لا شیٔ
و اما حدیث سعد بن ابی وقاص فلکون فی اسناده
عبد الله بن شریک المتقدم و الحرث بن مالک
قال النسائی لا اعرفه و قد روی هذا الحدیث
الخطیب عن جابر مرفوعا و فی اسناده مجاهیل قال
یحیی هذه الاحادیث من وضع الرافضة
قابلوا به حدیث ابی بکر فی الصحیح قال ابن حجر فی
القول المسدد فی الذب عن مسند احمد قوله

اپنی جزو مین جابر اور معاذ سے مرفوعًا روایت کیا ہی پس اس سے
ظاہر ہوا کہ یہ حدیث قسم حسن لغیرہ سے ہی نہ صحیح جیسا کہ حاکم نے
کہا ہی اور نہ موضوع جیسا کہ ابن جوزی نے کہا ہے **حدیث**
رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حکم دیا کہ مسجد مین جو دروازے
شارع ہین بند کیے جاوین اور علی کا دروازہ چھوڑ دیا اسکو
احمد نے مسند مین ابن عمر اور عبد اللہ بن الرقیم الکنانی سے
مرفوعًا روایت کیا ہے اور ابو نعیم نے ابن عباس سے مرفوعًا
روایت کیا ہی اور نسائی نے زید بن ارقم سے مرفوعًا اور بھی
نسائی نے شاہد اسکا سعد بن ابی وقاص سے روایت کیا ہے
کہا ابن جوزی نے سب طرق اسکے باطل ہین لیکن حدیث
ابن عمر کی اسلیے کہ اسکی اسناد مین ہشام بن سعد ہی کہا ابن
معین نے یہ کچھ شے نہین ہی۔ اور حدیث عبد اللہ بن رقیم کی
اسلیے کہ اوسکی اسناد مین عبد اللہ بن بشیر ہے اور وہ
کذاب ہی۔ اور حدیث ابن عباس کی اسلیے کہ اسکی اسناد
مین یحیے بن عبد الحمید الحمانی ہے کہا ابن حبان نے کذاب ہے
اور حدیث زید بن ارقم کی اسلیے کہ اسکی اسناد مین میمون غلام
عبد الرحمان بن سمرہ کا ہے کہا ابن معین نے یہ کچھ شے نہین اور
حدیث سعد بن ابی وقاص کی اسلیے کہ اسکی اسناد مین عبد اللہ
بن شریک جو پہلے گذر چکا ہے اور حارث بن مالک ہے
کہا نسائی نے مین اسکو نہین جانتا اور یہ حدیث کو خطیب نے
جابر سے مرفوعًا روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد
مین مجہول ہین۔ کہا یحیے نے یہ حدیثین رافضیون
کی بناوٹ ہین۔ اونہون نے حدیث ابی بکر کا جو صحیح
مین ہے مقابلہ کیا ہے۔ کہا ابن حجر نے القول
المسدد فی الذب عن مسند احمد مین قول +

ابن الجوزی فی هذا الحدیث انه باطل و
انه موضوع دعوی لم یستدل علیها الا بمخالفته
الحدیث الذی فی الصحیحین وهذا اقدام علی
رد الاحادیث الصحیحة بمجرد الوهم ولا ینبغی
الاقدام علی الحکم بالوضع الا عند عدم امکان
الجمع ولا یمکن من تعذر الجمع فی الحال انه
لا یمکن بعد ذلک لان فوق کل ذی علم علیم
قال وهذا الحدیث من هذا الباب هو حدیث
مشهور له طرق متعددة کل طریق منها علی
انفرادها لا تقصر عن رتبة الحسن ومجموعها
مما یقطع بصحته علی طریقة کثیر من اهل الحدیث
واما کونه معارضا لما فی الصحیحین فغیر مسلم
لیس بینهما معارضة الی اخر کلامه قلت ما
ذکره من قوله ولا ینبغی الاقدام علی الحکم بالوضع
الا عند عدم امکان الجمع کلام غیر صحیح فانه
اذا تعذر الجمع لا یحل لاحد ان یحکم بوضع
المرجوح بل غایته ما یلزم تقدیم الراجح علیه و
ذلک لا یستلزم کونه موضوعا بلا خلاف
وقد جمع اهل العلم بین هذا الحدیث وحدیث
ان النبی صلی الله علیه وآله وسلم امر بسد الخوخ
فی المسجد الا خوخة ابی بکر الثابت فی الصحیح بان
سد الابواب غیر سد الخوخ وبالجملة فالحدیث
ثابت لا یحل لمسلم ان یحکم ببطلانه وله طرق
کثیرة جدا قد اوردها صاحب اللآلی وقد
صح حدیث زید بن ارقم فی المستدرک وکذلک

ابن جوزی کا اس حدیث مین (کہ یہ باطل ہی اور موضوع ہی)
مجرد دعوی ہے اسپر دلیل سوا اسکے کہ یہ صحیحین کی حدیث کی
مخالف ہی اور کوئی نہین اور یہ مجرد وہم سے صحیح حدیثون کے
رد کرنے پر پیشدستی کرنی ہے حالانکہ وضع کے حکم کے ساتھ
اسپر اقدام کرنا لائق نہین مگر اسوقت کہ جمع کرنا ممکن نہو اور
فی الحال جمع کے مشکل ہونے سے یہ ممکن نہین ہو سکتا کہ
اسکے بعد بھی ممکن نہو اسلیے کہ ہر علم والے کے اوپر ایک علم والا
ہے کہا اوسنے اور یہ حدیث اسی باب سے ہے یہ حدیث مشہور
ہے اسکے لیے بہت ہین ہر طریق اسکا بانفرادہ حسن کے رتبہ سے
کم نہین اور اسکے مجموعہ کی صحت پر بہت محدثون نے یقین
کیا ہے لیکن اسکا صحیحین کے معارض ہونا مسلم نہین کوئی
ان دونون مین معارضہ نہین ہے تا آخر کلام تک مین کہتا
ہون یہ قول جو اوسنے ذکر کیا ہے (کہ اسکی وضع کے حکم کے
ساتھ اقدام کرنا لائق نہین مگر اوسوقت کہ جمع کرنا ممکن نہ
ہو) صحیح نہین ہے اسلیے کہ جب جمع کرنا مشکل ہو تو کسی کو
مرجوح پر موضوع کا حکم کرنا حلال نہین بلکہ غائت یہی کہ تقدیم
راجح کی اوسپر لازم آتی ہے اور یہ بات بلا خلاف اسکے موضوع
ہونے کو لازم نہین پکڑتی اور اہل علم نے درمیان اس حدیث
کے اور درمیان اوس حدیث کی جو صحیح مین ثابت ہی کہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے مسجد مین کہڑکیون کے بند کرنے
کا حکم دیا سوای کہڑکی ابی بکر کے اسطرح جمع کیا ہے کہ دروازون
کا بند کرنا کہڑکی کا بند کرنا نہین ہے حاصل یہ کہ یہ حدیث ثابت ہے
کسی مسلمان کو اسکے بطلان کا حکم کرنا حلال نہین اور
اس کے لیے بہت طرق ہین انکو صاحب لآلی
لایا ہے اور حدیث زید بن ارقم کی مستدرک مین صحیح

الضيا في المختارة واعلاله بميمون غير صحيح فقد
وثقه غير واحد وصححه الترمذي واما حديث
ابن عمر فقد رواه احمد في المسند باسناد رجاله
ثقات وليس فيه هشام بن سعد والكلام على رد
ما قاله ابن الجوزي يطول وفيما ذكرناه كفاية
ان شاء الله تعالى **حديث** انه صلى الله عليه
وآله وسلم قال لعلي لا يحل لاحد ان يجنب في هذا
المسجد غيري وغيرك رواه ابن مردوية عن ابي
سعيد مرفوعا وفي اسناده عطية العوفي وهو ضعيف
وقد اخرجه الترمذي من طريقه وحسنه قال
النووي انما حسنه الترمذي لشواهده قال
في اللآلي واخرجه البيهقي في سننه وورد من طرق
ثم ذكر اسناد البزار عن سعد بن ابي وقاص
مرفوعا ورواه ابن منيع في مسنده عن جابر رفعه
ورواه ابن ابي شيبة في مسنده عن ام سلمة
مرفوعا **حديث** امرنا رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم ان نعرض اولادنا على حب
علي بن ابي طالب رواه الحسن بن علي العدوي
عن جابر مرفوعا قال ابن حبان باطل **حديث**
حب علي ياكل السيئات كما تاكل النار الحطب رواه
الخطيب عن ابن عباس مرفوعا وقال باطل +
حديث من اراد ان ينظر الى آدم في علمه و
نوح في فهمه وابرهيم في حكمه ويحيى في زهده
وموسى في بطشه فلينظر الى علي رواه الحاكم
عن ابي الحمراء مرفوعا قال ابن الجوزي موضوع

ضیا کی مختارہ مین صحیح ہوئی ہے اور اسکا میمون کے ساتھہ علت
بیان کرنی صحیح نہین ہے اسلیے کہ بہت لوگون نے اسکی توثیق کی
ہے اور ترمذی نے اسکی تصحیح کی ہی اور لیکن حدیث ابن عمر
کی جو احمد نے مسند مین روایت کی ہی اسکی اسناد کے راوی ثقہ
ہین اور اسمین ہشام بن سعد ہے اور ابن جوزی کے رد کرنی
پر کلام لمبی ہو جاتی ہے اور انشاء اللہ تعالی ہمارے ذکر مین کفایت
ہے **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو فرمایا کہ سوا میرے
اور تیرے اور کسی کو اس مسجد مین جنبی ہونا حلال نہین ہے، اسکو
ابن مردویہ نے ابی سعید سے مرفوعا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین
عطیۃ العوفی ہی اور وہ ضعیف ہی اور ترمذی اسکو اس طریق سے
لایا ہی اور اوسنے حسن کہا ہی کہا نووی نے ترمذی نے بسبب بہت شواہد
کے اسکو حسن کہا ہی کہا لآلی مین بیہقی اسکو سنن مین بہت طرق
سے لایا ہی پہر اوسنے اسناد بزار کی سعد بن ابی وقاص سے مرفوعا ذکر کی
ہے اور ابن منیع نے مسند مین جابر سے مرفوعا روایت کیا ہے
اور ابن ابی شیبہ نے مسند مین ام سلمہ سے مرفوعا روایت کیا ہی
حدیث ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہی کہ ہم
اپنی اولاد کو علی کی محبت پر پیش کرین۔ اسکو حسن بن علی
العدوی نے جابر سے مرفوعا روایت کیا ہے کہا ابن حبان
نے باطل ہے **حدیث** علی کی محبت برائیون کو کہاتی
ہے جیسا کہ آگ ایندہن کو کہاتی ہے اسکو خطیب نے ابن
عباس سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ اور کہا باطل ہے
حدیث جو شخص آدم کا علم اور نوح کا فہم اور ابراہیم
کی حکمت اور یحیی کا زہد۔ اور موسے کا غلبہ دیکھنا چاہی
تو چاہیے کہ علی کی طرف دیکھے اسکو حاکم نے ابی الحمرا
سے مرفوعا روایت کیا ہے۔ کہا ابن جوزی نے موضوع ہے

وفی اسنادہ ابو عمر الازدی متروک قال فی
اللآلی لہ طریق اخر عند الدیلمی ثم ذکرہا
ورواہ ابن شاہین عن ابی سعید مرفوعاً
حدیث اسمی فی القرآن والشمس وضحاہا
واسم علی والقمر اذا تلاہا واسم الحسن و
الحسین فی النہار اذا جلہا واسم بنی امیۃ
واللیل اذا یغشہا الخ رواہ الخطیب فی السابق
واللاحق عن ابن عباس مرفوعاً وہو موضوع
کما قال الخطیب وفی اسنادہ مجاہیل وقال فی
المیزان ہذا خبر کذب **حدیث**
ان اللہ لم یبعث نبیا الا بین لہ من یلی بعدہ
فہل بین لک قال الا تم رسالتہ بعد ذلک
فقال علی بن ابی طالب رواہ العقیلی عن سلمان
مرفوعاً وفی اسنادہ مجہولان وضعیف **حدیث**
لما ان عرج بالنبی صلی اللہ علیہ و الہ وسلم الی السماء
السابعۃ واراہ اللہ من العجائب فی کل سماء
فلما اصبح جعل یحدث الناس من عجائب ربہ
وکذبہ من اہل مکۃ وصدقہ من صدقہ
فعند ذلک انقض نجم من السماء فقال النبی صلی
اللہ تعالیٰ علیہ و الہ وسلم فی دار من وقع ہذا
النجم فہو خلیفتی من بعدی وطلبوا ذلک النجم
فوجدوہ فی دار علی بن ابی طالب فقال اہل
مکۃ ضل محمد وغوی وہوی اہل بیتہ ومال
الی ابن عمہ فعند ذلک نزلت ہذہ السورۃ و
النجم اذا ہوی رواہ الجوزقانی عن ابن عباسؓ

اور اسکی اسناد مین ابو عمر الازدی متروک ہی کہا لالی مین اسکی
لیے اور طرق دیلمی مین ہے پہر اوسنے اسکو ذکر کیا اور ابن
شاہین نے اسکو ابی سعید سے مرفوعاً روایت کیا ہے +
حدیث میرا نام قرآن مین والشمس وضحاہا ہے اور علی کا نام
والقمر اذا تلاہا ہے اور نام حسن اور حسین کا والنہار اذا
جلہا ہا ہے اور نام بنی امیہ کا واللیل اذا یغشہا ہے الخ اسکو
خطیب نے السابق واللاحق مین ابن عباس سے مرفوعاً روایت
کیا ہے اور یہ موضوع ہے جیسا کہ خطیب نے کہا ہے اور اسکی
اسناد مین مجہول ہین اور کہا میزان مین یہ خبر کذب ہے،
حدیث اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہین بہیجا مگر اوسکو
بتا دیا کہ تیرے بعد فلان شخص ہو گا کیا آپ کی واسطے (اللہ
تعالیٰ نے) بیان کیا ہے فرمایا نہین پہر مینے بعد اسکے آپ سے
پوچہا۔ فرمایا وہ علی بن ابی طالب ہی۔ اسکو عقیلی نے
سلمان سے مرفوعاً روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین دو مجہول اور
ایک ضعیف ہے، **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ساتوین آسمان
کیطرف عروج کیا اور اللہ تعالیٰ نے اوسکے عجائبات ہر آسمان مین
دکہلائی۔ جب صبح ہوئی تو لوگون سے عجائبات اپنے رب کے بیان
کرنے لگے۔ اور اہل مکہ سی بعضون نے آنحضرت کی تکذیب کی اور بعضون
نے تصدیق کی تب اوسوقت آسمان سے ایک ستارہ ٹوٹا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا جسکے گہر مین یہ ستارہ گریگا میرے بعد وہ میرا
خلیفہ ہی لوگون نے اوس ستارہ کی تلاش کی اوسکو علی بن
ابی طالب کے گہر مین پایا اہل مکہ نے کہا محمد گمراہ ہو گیا بہک گیا
اوسنے اپنی اہل بیت کی حرص اور اپنے چچا کے بیٹے کی
طرف جہک گیا ہی۔ اوسوقت مین یہ سورت نازل
ہوئی (قسم ہے ستارے کی جب وہ ٹوٹے اسکو جوزقانی نے ابن عباس سے

مرفوعا وفی اسناده ثلاثة کذابون وهو موضوع
بلا ریب **حدیث** وصیی وموضع سری و
خلیفتی فی اهلی وخیر من اخلف بعدی علی رواه
ابن ناصر عن سلمان مرفوعا قال عبد الغنی
اکثر رواته مجهولون وضعفاء وقال الجوزقانی
باطل لا اصل له ورواه الازدی بلفظ سال رسول
الله صلی الله علیه وآله وسلم من وصیه فقال من کان
وصی موسی قال یوشع قال فان وصیی ووارثی
یقضی دینی وینجز موعدی وخیر من اخلف بعدی
علی وفی اسناده متروک وضعیف ورواه ابن حبان
بنحوه وهو من نسخة موضوعة ورواه العقیلی
بلفظ وصیی علی بن ابی طالب قال فی المیزان هذا
کذب ورواه الحاکم عن بریدة مرفوعا وفی اسناده
وضاع **حدیث** انه صلی الله علیه وآله وسلم
قال لانس اول من یدخل علیک من هذا
الباب امیر المؤمنین وسید المسلمین وقائد
الغر المحجلین وخاتم الوصیین قال انس فقلت
اللهم اجعله رجلا من الانصار اذ جاء علی فقال
من هذا یا انس فقلت علی فقام مستبشرا
فاعتنقه ثم جعل یمسح عرق وجهه ویمسح عرق
علی بوجهه فقال علی یا رسول الله لقد رایتک
صنعت شیئا ما صنعت بی قط قال وما یمنعنی
انت تودی عنی وتسمعهم صوتی وتبین لهم ما
تعلقوا فیه بعدی رواه ابو نعیم قال فی المیزان
هذا الحدیث موضوع ورواه الجوزقانی عن ابی ذر

مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین تین کذاب ہین
اور یہ بلا شک موضوع ہے **حدیث** میرا وصی اور میرے بھید
کی جگہ اور میرے اہل مین میرا خلیفہ اور بہتر اونسے جو اپنے بعد مین
اپنا خلیفہ بناؤن علی ہے اسکو ابن ناصر نے سلمان سے مرفوعًا
روایت کیا ہی کہا عبد الغنی نے اکثر راوی اسکے مجہول اور
ضعیف ہین اور جوزقانی نے باطل ہی اسکا کچھہ اصل نہین اور
ازدی نے اسکو ان الفاظ سے روایت کیا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم وصی کی بابت پوچھے گئے فرمایا موسٰی کا کون وصی تہا کہا یوشع
فرمایا آنحضرت نے میرا وصی اور میرا وارث جو میرا قرض ادا کرے اور میرے
وعدے پورے کرے اور بہتر اونسے جو اپنے بعد مین اپنا خلیفہ بناؤن
علی ہے اور اسکی اسناد مین متروک اور ضعیف ہے اور ابن حبان نے اسکی
مثل روایت کی ہی اور یہ نسخہ موضوعہ سے ہی اور عقیلی نے ان لفظون سے
روایت کی ہی میرا وصی علی بن ابی طالب ہے کہا میزان مین یہ کذب ہے
اور حاکم نے بریدہ سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین وضاع ہے
حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انس کو کہا اس دروازے سے
پہلے جو تجھپر داخل ہوگا وہ امیر المؤمنین اور سید المسلمین ہے اور پانچ
کلیان کا کھینچنے والا ہی اور وصیون کا خاتم ہے کہا انس نے مینے
کہا اے اللہ وہ مرد انصار سے کر جب علی آیا فرمایا اے انس یہ کون ہے مینے
کہا علی ہے آنحضرت خوشی مین کہڑے ہوئے اور اوس سے
معانقہ کیا پھر اوسکے منہ سے پسینہ اپنے منہ کے ساتھہ پونچھنے لگے
علی نے کہا اے رسول اللہ میرے ساتھہ آپنے آج ایسی شئے کی ہی جو
آگے کبھی نہین کی فرمایا کیا چیز مجھے منع کرتی ہے حالانکہ تو مجھسے
ادا کریگا اور اونکو میرا آواز سنائیگا اور تو میرے بعد جسمین وہ
تفرقہ کرینگے بیان کریگا اسکو ابو نعیم نے روایت کیا ہی کہا میزان
مین یہ حدیث موضوع ہے اور جوزقانی نے اسکو اسطرح ابی ذر سے

مرفوعاً انا خاتم النبیین کذلک علی
وذریتہ یختمون الاوصیاء وھو موضوع قول
علی بایع الناس لابی بکر وانا واللہ اولی منہ
واحق بھا منہ فسمعت واطعت مخافۃ ان
یرجع الناس کفارا یضرب بعضھم رقاب بعض
بالسیف ثم بایع الناس عمر وانا واللہ اولی بالامر
منہ واحق بہ فسمعت واطعت خوفا ان
یرجع الناس کفارا یضرب بعضھم رقاب بعض
بالسیف ثم انتم تریدون ان تبایعوا عثمان اذن
اسمع واطیع ان عمر جعلنی فی خمسۃ نفر انا سادسھم
لا یعرف لی فضلا علیھم الخ رواہ العقیلی
مطولا عن عامر بن واثلۃ الکنانی ابی الطفیل
عن علی وقال فیہ رجلان مجھولان وقال
ابن الجوزی ھو موضوع وقال فی المیزان ھذا
خبر منکر غیر صحیح وحاشا امیر المؤمنین
من قول ھذا حدیث ان رب العلمین
عھد الی علی بن ابی طالب فقال انہ رایۃ الھدی
ومنار الایمان وامام اولیائی ونور جمیع من اطاعنی
علی بن ابی طالب امینی غدا فی القیمۃ علی
حوضی وصاحب لوائی وتقتی علی مفاتیح خزائن
جنۃ ربی رواہ ابو نعیم عن انس مرفوعا قال
ابن عدی باطل لاھز بن عبد اللہ المذکور
فی اسنادہ غیر ثقۃ ولا مامون یروی عن الثقات
المناکیر قال فی المیزان ھو من ابرد الموضوعات
حدیث انہ اقبل علی بن ابی طالب فتر خرج

مرفوعاً روایت کی ہی جیسا کہ مین خاتم نبیون کا ہون ایسا ہی
علی اور اولاد اوسکی خاتم وصیون کی ہی اور یہ موضوع ہے قول
علی کا لوگون نے ابی بکر سے بیعت کی حالانکہ مین قسم اللہ کی اوس سے
بہتر اور زیادہ تر اوس سے خلافت کا مستحق ہون مینے اوسکی حکم کو
سنا اور اوسکی اطاعت کی اس خوف سے کہ لوگ کافر نہ ہو جاویں
ایک دوسرے کی گردن تلوار سے کاٹنی شروع نہ کر دین پہر لوگون نے
عمر کی بیعت کی حالانکہ مین قسم اللہ کی اوس امر کی لائق زیادہ
مستحق ہون سنا مینے اور اوسکی اطاعت کی اس خوف سے کہ لوگ کافر
ہو جاینگی ایک دوسیرکی گردن تلوار کے ساتھہ مارنی شروع کردینگے
پہر تم ارادہ کرتے ہو کہ عثمان کی بیعت کرو اب بھی سنتا ہون اور
اوسکی اطاعت کرتا ہون اسلیے کہ عمر نے مجھی پانچ نفر دمین کیا ہے
مین چہٹا اونکا ہون میری فضیلت انپر کوئی جانتا نہین الخ اسکو
عقیلی نے مطولاً عامر بن واثلہ الکنانی ابی الطفیل سے اوسنے علی سے
روایت کیا ہی کہا اسمین دو راوی مجہول ہین اور کہا ابن جوزی
نے موضوع ہے اور کہا میزان مین یہ خبر منکر ہے صحیح نہین اور پناہ دے
اللہ تعالی امیر المؤمنین کو اس قول سی حدیث رب العالمین نے علی
بن ابی طالب کے ساتھہ عہد کیا ہے فرمایا ہے اللہ تعالی نے کہ یہ ہدایت
کا نیزہ ہی اور ایمان کا منارہ ہی میرے اولیاؤن کا پیشوا اور تمام میرے
دیکھنے والون کا نور ہے کل قیامت کے دن میرے حوض پر میرا امین اور
میرے جہنڈے کا صاحب اور میرے رب کے جنت کی خزانون کی کنجیون پر میرا
معتبر علی بن ابی طالب ہی اسکو ابو نعیم نے انس سے مرفوعاً روایت
کیا ہے کہا ابن عدی نے باطل ہی لاہز بن عبد اللہ جو اسناد مین
مذکور ہے ثقہ اور امین نہین ہے ثقون سے مناکیر روایت کرتا ہی
کہا میزان مین یہ ابرد موضوعات سے ہے حدیث
علی بن ابی طالب آیا

له ابو بكر حتى قعد بينه وبين النبي صلى الله
عليه وآله وسلم فسر النبي صلى الله عليه وآله وسلم
وقال يا ابا بكر انما يعرف الفضل لاهل الفضل
ذو الفضل رواه الخطيب عن انس مرفوعا ورواه
ايضا عن عائشة مرفوعا وفي اسنادهما محمد بن
زكريا العلائي وهو وضاع ورواه الديلمي من
حديث ابي سعيد بلفظ يا ابا بكر يعرف الفضل
لذوي الفضل اهل الفضل **حديث** كانت راية
رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يوم احد
مع علي وراية المشركين مع طلحة وفيه انه
حمل راية المشركين سبعة فقتلهم علي فقال
جبريل يا محمد ما هذه المواساة فقال النبي
صلى الله عليه وآله وسلم انا منه وهو مني ثم
سمعنا صائحا في السماء يقول لا سيف الا ذو الفقار
ولا فتى الا علي رواه ابن عدي عن ابي رافع مرفوعا
وفي اسناده عيسى بن مهران وهو رافضي يحدث
بالموضوعات وقد ادخل هذا الحديث ابن الجوزي
في الموضوعات وتبع ابن حبان في ذلك قال ابن طاهر
في تذكرة الحفاظ هذه القصة في كتاب النسب
للزبير بن بكار **حديث** ان ابا بكر وعمر خطبا
فاطمة فقال النبي صلى الله عليه وآله وسلم هي
لك يا علي رواه العقيلي من حجر بن عيسى وكان ممن
يشهد الجمل وصفين مع علي مرفوعا وفي اسناده
موسى بن قيس الحضرمي وهو غال في الرفض
قال في اللآلي روى له ابو داود ووثقه ابن معين

اور ابو بکر اوسکے لیے پیچھے ہٹا تاکہ وہ درمیان اوسکے اور درمیان
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھ گیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوئے
اور فرمایا ای ابا بکر بزرگون کی بزرگی بزرگ لوگ جانتے ہین
اسکو خطیب نے انس سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور بہی عائشہ سے
مرفوعًا اونسے روایت کی ہی اور ان دونوکی اسناد مین محمد بن زکریا
العلائی ہے اور وہ وضاع ہے اور دیلمی نے ابی سعید سے ان الفاظ
سے روایت کی ہی ای ابا بکر بزرگون کی بزرگی بزرگ لوگ سمجھتے ہین
حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا احد کے دن
علی کے ساتھہ تہا۔ اور مشرکون کا جھنڈا طلحہ کے ساتھہ تہا اور
اور اسی حدیث مین ہے کہ مشرکون کا جھنڈا سات آدمیونے
اوٹھایا اونکو علی نے قتل کیا ہے۔ پھر جبرائیل نے کہا ای محمد
کیا ہوا مواسات ہی فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مین اس سے ہون اور
وہ مجھسے پھر ہمنے آسمان مین ایک صائح سے سنا کہ کہتا ہی نہین
تلوار مگر ذو الفقار اور نہین جوان مگر علی اسکو ابن عدی نے ابی
رافع سے مرفوعًا روایت کیا ہی۔ اور اسکی اسناد مین عیسیٰ
بن مہران ہی وہ رافضی ہی موضوع حدیثین روایت کرتا ہی
اور اس حدیث کو ابن جوزی نے موضوعات مین داخل کیا ہی
اور ابن حبان کا اسمین وہ تابع ہوا ہے کہا ابن طاہر نے تذکرۃ
الحفاظ مین یہ قصہ کتاب النسب مین زبیر بن بکار کیواسطے ہے
حدیث ابو بکر اور عمر نے فاطمہ کا خطبہ کیا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے یہ تیرے واسطے ہی ای علی۔ اسکو عقیلی نے حجر بن عیسی سے
مرفوعًا روایت کیا ہی اور ان شخصون سے تہا جو علی کے ساتھہ جنگ
جمل اور صفین مین حاضر ہوئے ہیں۔ اسکی اسناد مین موسی
بن قیس الحضرمی ہے اور وہ رفض مین بڑا غلو کرتا ہی کہا لآلی مین
اس سے ابو داؤد نے روایت کی ہی اور ابن معین نے اسکی توثیق کی ہی

وقال ابو حاتم لا باس به والحدیث اخرجه البزار
من طریقه قال الهیثمی فی زوائده رجاله ثقات
الا ان حجر بن عیسی لم یسمع من النبی صلی
الله علیه وآله وسلم **حدیث** ان النبی صلی
الله علیه وآله وسلم رای علیا مقبلا فقال انا
وهذا حجة علی امتی یوم القیمة رواه الخطیب عن
انس مرفوعا وهو موضوع والمتهم به ابی مطر
بن ابی مطر قال فی المیزان هذا باطل **حدیث**
ان حافظی علی لیفتخران علی جمیع الحفظة انهما
لم یصعد الی السماء بشئ عنه بسخط الله رواه
الخطیب عن عمار مرفوعا وقال هذا طریق مظلم
ورواه من طریق اخر وقال فیها مجهولون
حدیث من مات وفی قلبه بغض لعلی بن ابی طالب
فلیمت یهودیا او نصرانیا رواه العقیلی عن
بهز بن حکیم عن ابیه عن جده مرفوعا وقال
فی اسناده علی بن قریش کان یضع الحدیث و
الجارود بن یزید وکان یضع ایضا وقد رواه
الدیلمی فی مسند الفردوس من غیر طریقهما
حدیث ان علیا رای النبی صلی الله تعالی
علیه وآله وسلم عند الصفا وهو مقبل علی شخص
فی صورة الفیل وهو یلعنه فقلت من هذا
الذی تلعنه یا رسول الله فقال هذا الشیطان
الرجیم فقلت والله یا عدو الامة لاقتلنک
ولاریحن الامة منک فقال ما هذا جزاء منک
قلت وما جزاؤک یا عدو الله قال والله ما

اور کہا ابو حاتم نے اسکا کچھ خوف نہیں اور اس حدیث کو اسی
طریق سے بزار نے نکالا ہے کہا ہیثمی نے زوائد مین راوی اسکے
ثقہ ہین مگر یہ بات کہ حجر بن عیسی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا
نہین ہے۔ **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے علی کو آتے دیکھا
فرمایا مین اور یہ قیامت کے دن اپنی امت پر حجت ہین اسکو خطیب
نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے اور متہم ساتہ
اسکے ابی مطر بن ابی مطر ہے کہا میزان مین یہ باطل ہے **حدیث**
علی کے نگہبان (مراد اس سے وہ فرشتے ہین جو نامہ اعمال لکھتے ہین)
اور تمام نگہبانو نپر فخر کرتے ہین اسلیے کہ وہ دونو اس سے کوئی
ایسی شئے آسمان کیطرف نہین لے چڑہے جسمین اللہ تعالی کا غصہ
ہو اسکو خطیب نے عمار سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا یہ طریق مظلم ہے
اور دوسرے طریق سے بھی اوسنے روایت کیا ہے اور کہا اسمین کئی
مجہول ہین **حدیث** جو شخص مرا اور اوسکی دلمین علی بن ابیطالب
کا بغض ہو تو چاہیے کہ یہودی یا نصرانی ہو کر مرے اسکو عقیلی نے
بہز بن حکیم سے اوسنے اپنے باپ سے اوسنے دادا سے مرفوعا روایت
کیا ہے اور کہا اسکی اسناد مین علی بن قریش ہے وہ حدیثین گہڑتا
تہا اور الجارود بن یزید وہ بھی وضاع تہا اور دیلمی نے مسند فردوس
مین غیران دونو طریق سے روایت کیا ہے **حدیث** علی نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو صفا کے پاس اس حالت مین دیکھا کہ وہ ایک
شخص پر جو ہاتھی کی صورت مین تہا متوجہ تھے اور اوسپر لعنت کرتے
تھے مینے کہا یا رسول اللہ یہ کون ہے جسپر آپ لعنت کرتے ہین تو فرمایا
یہ شیطان مردود ہے مینے کہا قسم اللہ کی اے امت کے دشمن مین
ضرور تجھے قتل کرونگا اور امت کو تیرے (وجود) سے خوش
کرونگا پہر کہا اوسنے یہ کیا میری جزا ہے تجھسے مینے کہا
اے اللہ کے دشمن اور تیری کیا جزا ہے کہا اوسنے قسم اللہ کی کسی نے

ابغضك احد قط الا شاركت اباه فی رحم امه
رواه ابن مردویة عن علی مرفوعا وفی اسناده
اسحق بن محمد النخعی وهو من الغلاة وكان یعتقد
فی علی الالهیة ورواه الخطیب ایضا بلفظ والله
ما ابغضك احد الا قد شاركت اباه فی امه +
حدیث ان الله منع القطر عن بنی اسرائیل
بسوء رایهم فی انبیاءهم وانه یمنع المطر عن هذه
الامة ببغضهم علی بن ابی طالب رواه ابن عدی
عن ابن عباس مرفوعا وقال وضعه الحسن بن
عثمان بن زیاد وقد رواه الدیلمی من غیر طریقه
حدیث من احب ان یتمسك بالقضیب
الرطب الذی غرسه الله بیده فلیتمسك بحب علی
ابن ابی طالب رواه الازدی عن البراء مرفوعا
وفی اسناده وضاع وقد رواه الدارقطنی عن زید
ابن ارقم مرفوعا وفی اسناده وضاع حدیث
قالوا یا رسول الله من یحمل رایتك یوم القیمة
قال الذی یحملها فی الدنیا علی بن ابی طالب
رواه ابن حبان عن جابر بن سمرة مرفوعا وفی
اسناده ناصح بن عبد الله وهو شیعی متروك
ورواه ابن ناصح عن ابی ذر مرفوعا ترد علی
الحوض رایة امیر المؤمنین وامام الغر المحجلین
فاقوم فاخذ بیده فیبیض وجهه ووجوه اصحابه
فاقول ما خلفتمونی فی الثقلین بعدی فیقولون
تبعنا الاكبر وصدقناه ووزرنا الاصغر و
نصرناه وقاتلنا معه فاقول ردوا رواء

تیرے ساتھہ بغض نہین کہا مگر مین اسکے باپ کی ساتھہ اسکی
ماں کے رحم مین شریک ہوا ہون اسکو ابن مردویہ نے علی سے
مرفوعًا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین اسحق بن محمد النخعی
ہے اور وہ غالیون سے ہے اور علی کے حق الوہیت کا اعتقاد
رکہتا تہا اور بہی خطیب نے ان الفاظ سے روایت کی ہی قسم اللہ کی
جس کسی نے تجہ سے بغض رکہا مین اوسکے باپ کے ساتھہ اوسکی ماں مین
شریک ہوا ہون حدیث اللہ تعالی نے بارش بنی اسرائیل سے بسبب انکے
بری فکر کے اپنی نبیون کے حق مین روک دی اور اللہ تعالی اس امت سے انکے بغض
علی بن ابی طالب کے روک دیگا اسکو ابن عدی نے ابن عباس سے مرفوعًا
روایت کیا ہی۔ اور کہا اسکو حسن بن عثمان بن زیاد نے بنایا ہی اور دیلمی نے اسکو غیر
اس طریق سے روایت کیا ہی حدیث جو شخص دوست رکہی کہ
شاخ تر کے ساتھہ جو اللہ تعالے نے اپنی ہاتھہ سے گاڑہی ہے
تمسک کری تو چاہیئے علی بن ابی طالب کی محبت سے تمسک کری
اسکو ازدی نے براء سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین وضاع ہے
اور دارقطنی نے اسکو زید بن ارقم سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین وضاع ہے حدیث کہا لوگون نے ای رسول اللہ کون
شخص آپ کا جہنڈا قیامت کی دن اٹہائیگا فرمایا وہ شخص جو دنیا
مین اُٹہاتا ہے وہ علی بن ابی طالب ہے اسکو ابن حبان نے جابر بن
سمرہ سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور اسکی اسناد مین ناصح بن عبد اللہ ہے
اور وہ شیعہ متروک ہی اور ابن ناصح نے ابی ذر سے مرفوعًا روایت کیا ہے حوض
پر امیر المومنین اور پانچ کلیان نورانی کے امام کا جہنڈا آئیگا مین اسکو
ہاتہہ سے پکڑون گا اوسکا چہرہ اور اوسکے اصحابون کا چہرہ سفید
ہو جائیگا مین کہونگا میرے بعد ثقلین مین تمنے کسکو خلیفہ بنایا
تہا لوگ کہین گے ہم بڑہی کے تابع ہوئے اور اوسکی تصدیق کی اور چہوٹے کو وزیر
بنایا اور اُسکی مددکی اور اُسکے ساتھہ ملکر جنگ کیا پہر مین کہونگا پیاسو کہیں پیاسے ہر کر دو

مرویین فیشربون شربة لا یظماؤن بعدها
ابدا اسناده مظلم فیه مجاهیل قاله ابن الجوزی
وذکره فی الموضوعات **حدیث** انه قتل
علی عمرو بن ود ودخل النبی صلی الله علیه وآله
وسلم فلما راٰه کبر وکبر المسلمون فقال اللهم اعط
علیا وصلة لم تعطها احدا قبله ولا تعطها
احدا بعده فهبط جبریل ومعه اترجة من الجنة
فقال ان الله یقول خیر هذه الامة علی بن
ابی طالب فدفعها الیه فانفلقت فی یده
فلقتین فاذا فیها جریدة بیضاء مکتوب فیها
سطرین تحفة من الطالب الغالب الی علی بن
ابی طالب رواه الزراع وهو من وضعه **حدیث**
انها نزلت فی علی ثلثمائة آیة رواه الخطیب عن
ابن عباس من قوله وفی اسناده سلام بن سلیم
الثقفی وجویبر وهما متروکان والضحاک
هو ضعیف وقال ابن الجوزی موضوع قال فی
اللآلی سلام روی له ابن ماجة **حدیث**
انه مرض الحسن والحسین فقال علی ان عافی
الله ولدی صمت لله ثلثة ایام شکرا وقالت
فاطمة مثل ذلک وقالت جاریتهم مثل ذلک
فاصبحوا وقد مسح الله تعالی ما بالغلامین فهم
صیام ولیس عندهم قلیل ولا کثیر فانطلق علی
الی رجل من الیهود فقال له اسلفنی ثلاثة
اصع من شعیر واعطی جزة صوف تغزلها لک
بنت محمد فاعطاه فاحتمله علی تحت ثوبه

پس بانی پیئین گے اوسکے بعد ہمیشہ پیاسے نہونگے۔ کہا ابن
جوزی نے اسناد اسکی مظلم ہے اسمین مجہول ہین اور اوسنے اسکو
موضوعات مین ذکر کیا ہے **حدیث** علی نے عمرو بن ود کو قتل کیا
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے جب آنحضرت نے اسکو دیکھا
تکبیر کہی اور فرمایا اے اللہ علی کو اسقدر دے اور رحمت بھیج مجھے
تو نے اس سے آگے کسی کو نہین دیا اور نہ بعد اسکے کسی کو دیگا اتنے
جبرائیل اترا اور اوسکے ساتھ جنت سے ایک ترنج تھا اور کہا اللہ تعالی
فرماتا ہے بہتر اس امت سے علی بن ابی طالب ہے اوہ اسی کو اوسنے
دیدیا پھر وہ اوسکے ہاتھ مین دو ٹکڑے ہو گیا تو اوسمین ایک شاخ
سفید تھی اوسپر دو سطرین لکھی ہوئین تھین یہ تحفہ ہے طالب غالب سے
طرف علی بن ابی طالب کی اسکو ذراع نے روایت کیا ہے
اور اوسی نے اسکو بنایا ہے **حدیث** علی کے حقمین تین
سو آیت نازل ہوئی ہے اسکو خطیب نے ابن عباس سے اسکا قول
نقل کیا ہے اور اسکی اسناد مین سلام بن سلیم الثقفی اور جویبر
وہ دونو متروک ہین اور ضحاک وہ ضعیف ہے اور کہا ابن جوزی
نے موضوع ہے کہا لآلی مین سلام سے ابن ماجہ نے روایت
کیا ہے **حدیث** ایک دفعہ حسن اور حسین بیمار ہوئے کہا
علی نے اگر اللہ تعالی میرے لڑکون کو شفا دے تو مین تین روزے
شکر کے رکھونگا اور فاطمہ نے بھی اسی طرح کہا صبح ہوتے
ہی اللہ تعالی نے لڑکون کو شفا دی۔ انہون نے روزون
کا قصد کیا۔ اور اون کے پاس کچھہ تھوڑا بہت مال نہ تھا
پھر علی ایک مرد یہود کی طرف گئے۔ اوس کو کہا مجھہ کو
تین صاع جو کے قرض دو اور کچھہ صوف کہ بیٹی
محمد کی تجھے کات دے اوس نے دیدیا حضرت
علی نے اوس کو کپڑون کے نیچے رکھہ کر اوٹھا لیا

ودخل على فاطمة وقال دونك فاغزلي هذا
وقامت الجارية الى صاع من الشعير فطحنته
وعجنته فخبزت منه خمسة اقراص وصلى على
المغرب مع النبي صلى الله عليه وآله وسلم ورجع فوضع
الطعام بين يديه وقعد ليفطر واذا مسكين
بالباب يقول يا اهل بيت محمد مسكين من
مساكين المسلمين على بابكم اطعموني مما تاكلون
اطعمكم الله على موائد الجنة فرفع على يده و
قال شعرا يخاطب فاطمة فدفعوا الطعام الى
المسكين وهو حديث طويل وكذلك في اليوم
الثاني والثالث فلما علم بذلك النبي صلى الله عليه
وآله وسلم قال اللهم انزل على آل محمد كما انزلت
على مريم ثم قال ادخلي محمد على قد دخلت فاذا
جفنة تفور مملوة ثريدا رواه ابن ناصر عن الاصبغ بن
نباتة قال هو من الحسن فذكره وهو لا يساوي
شيئا وفي اسناده ضعيفان وذكره ابن الجوزي في
الموضوعات قال في اللآلي قال الحكيم الترمذي
في نوادر الاصول من الحديث الذي تنكره القلوب
حديث رواه الليث عن مجاهد عن ابن عباس في
قوله تعالى يوفون بالنذر ويخافون يوما كان
شره مستطيرا ويطعمون الطعام على حبه
مسكينا ويتيما واسيرا وذكر نحو ما تقدم
حديث عائشة لما حضر رسول الله صلى
الله عليه وآله وسلم الموت قال ادعوا لي حبيبي
فدعوت له ابابكر فنظر اليه ثم وضع راسه

اور فاطمہ پر داخل ہوئے اور کہا قریب ہو اسکو کات اور
لونڈی نے ایک صاع جو کا لیکر اوسکو پیسا اور گوندہا اور
پانچ روٹیاں اوس سے پکائیں اور جب علی نے نماز مغرب کی نبی
صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھ لی اور لوٹے اور طعام آگا اپنے
رکھا اور افطار کرنے کیلیے بیٹھے تو ناگاہ ایک مسکین دروازے پر
آکھڑا ہوا اور کہنے لگا ای اہل بیت محمد کے ایک مسکین مسلمانوں
کے مسکینوں سے تمہارے دروازے پر کھڑا ہوا ہے کچھ مجھے طعام دو جسے
تم کھاتے ہو تمکو اللہ تعالے جنت کے دسترخوان سے طعام دیگا پس علی
نے اپنا ہاتھ اوٹھایا اور ایک شعر فاطمہ کو مخاطب کرکے پڑھا پہر انہوں
نے طعام مسکین کو دیدیا اور یہ حدیث لمبی ہے اور اسی طرح دوسرے
دن اور تیسرے دن قصہ ہوا جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ حال
معلوم کیا کہا ای اللہ نازل کر آل محمد پر جیسا تو نے مریم پر نازل
کیا پہر فاطمہ کو فرمایا اپنے پردہ میں داخل ہو جا پس وہ داخل
ہو گئے تو دیکھا ایک ہانڈی ثرید سے جوش مار رہی ہے اسکو ابن
ناصر نے اصبغ بن نباتہ سے روایت کیا ہو کہا اوسنے حسن ہمارے
ہوا الخ اور یہ کسی شی کے مساوی نہیں اور اسکی اسناد میں دو ضعیف
ہیں اور ابن جوزی نے اسکو موضوعات میں ذکر کیا ہے کہا لآلی میں
کہا حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں اور جس حدیث سے دل انکار
کرتے ہیں یہ ہے جسکو لیث نے مجاہد سے اونے ابن عباس سے اس
آیت کی تفسیر میں روایت کیا ہے (نذریں پوری کرتے ہیں اور اس
دن سے خوف کرتے ہیں جسکی شر بڑی لمبی ہے اور طعام دیتے ہیں اسکی
محبت پر مسکینوں اور یتیموں اور قیدیوں کو) اور جیسا پیچھے گذر
چکا ہے اسکی مثل اوسنے بیان کیا حدیث عائشہ کی جب رسول
اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو موت حاضر ہوئی فرمایا میرے حبیب کو میرے واسطے
بلاؤ میں نے ابابکر کو بلایا پس آنحضرت نے اوسکی طرف دیکھا پہر اپنا سر رکھ دیا

فقال ادعوا الی حبیبی فدعوا عمر فنظر الیه ثم
وضع راسه فقال ادعوا الی حبیبی فقلت ویلکم
ادعوا له علی بن ابی طالب فوالله ما یرید غیره
فلما راه ادخله فی الثوب الذی کان علیه فلم
یزل محتضنه حتی قبض و یده علیه رواه الدارقطنی
عن عائشة مرفوعا قال ابن الجوزی موضوع
وقال الدارقطنی غریب تفرد به مسلم بن
کیسان الاعور و تفرد به اسمعیل بن ابان
الوراق قال فی اللآلی ومسلم روی له الترمذی
وابن ماجة وهو متروک واسمعیل من
شیوخ البخاری و قد رواه ابن عدی من طریق اخر
عن عبد الله بن عمر مرفوعا و زاد فقیل لعلی
ما قال قال علمنی الف باب یفتح کل باب الف
باب **حدیث** لا یحل لمسلم ان یری مجردی
او عورتی الا علی فی اسناده وضاع **حدیث**
ان خلیلی حدثنی انی اضرب لتسع عشرة من
رمضان وهی اللیلة التی مات فیها موسی بن
عمران واموت لاثنین و عشرین تمضی من رمضان
وهی التی رفع فیها عیسی رواه العقیلی عن الاصبغ
بن نباتة عن علی وهو کذاب و فی اسناده ایضا
سعد الاسکاف وهو ایضا کذاب **حدیث**
ما فی القیمة راکب غیرنا نحن اربعة فقام
الیه عمه العباس فقال و من هم یا رسول الله
فقال اما انا فعلی البراق الی ان قال و عمی حمزة
اسد الله واسد رسوله سید الشهداء علی

پہر فرمایا میرے حبیب کو میرے پاس بلاؤ لوگون نے عمر کو بلایا اوسکی
طرف دیکہا پہر اپنا سر مبارک نیچے رکہا پہر فرمایا میرے پاس میرے حبیب
کو بلاؤ مینے کہا ہلاکت ہو تمکو اوسکے پاس علی بن ابی طالب
کو بلاؤ قسم اللہ کی اوسکے سوا آپکا اور کوئی ارادہ نہین جب
آنحضرت نے اوسکو دیکہا اوسکو اپنے کپڑے مین جو اونکے اوپر
تہا داخل کر لیا پس بغل مین ہی تہے کہ روح آپکا قبض ہو گیا
اور ہاتہہ اوس پر تہا۔ اسکو دارقطنی نے عائشہ سے مرفوعا روایت
کیا ہے کہا ابن جوزی نے موضوع ہے اور کہا دارقطنی نے غریب ہے متفرد
ہوا ہے ساتہہ اسکے مسلم بن کیسان الاعور اور متفرد ہوا ہے ساتہہ اسکے
اسمعیل بن ابان الوراق کہا لآلی مین اور مسلم سے ترمذی اور ابن ماجہ نے
روایت کی ہے اور وہ متروک ہے اور اسمعیل بخاری کا شیخ ہے اور اسکو
ابن عدی نے دوسرے طریق سے عبد اللہ بن عمر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور
یہ زیادہ کیا علی سے پوچہا گیا آنحضرت نے کیا کہا ہے کہا اونہے مجہے
آپنے ہزار باب سکہلایا ہے ہر باب ہزار باب کہولتا ہے **حدیث**
کسی مسلمان کو میرا مجرد اور شرمگاہ دیکہنا حلال نہین مگر علی کو اسکی
اسناد مین وضاع ہے **حدیث** میرے دوست نے مجہے حدیث بیان کی
کہ مین انیسوین رمضان سے بیمار ہونگا اور یہ وہ رات ہے جسمین موسے بن
عمران فوت ہوا ہے اور بائیسوین کو مین فوت ہو جاؤنگا اور یہ وہی
رات ہے جسمین عیسے علیہ السلام (آسمان کیطرف) بلند کیے گئے اسکو
عقیلی نے اصبغ بن نباتہ سے اوسنے علی سے روایت کیا ہے اور وہ
کذاب ہے اور اسکی اسناد مین بہی سعد الاسکاف ہے وہ بہی کذاب ہے
حدیث ہمارے سوا اور کوئی شخص قیامت کے دن سوار نہ ہوگا
ہم چار آدمی ہین آنحضرت کے چچا عباس کہڑے ہوے اور کہا وہ کون
ہین یا رسول اللہ فرمایا لیکن مین براق پہ ہونگا۔ تا کہ فرمایا
میرا چچا حمزہ اللہ تعالی کا شیر اور اوسکے رسول کا شیر سردار شہیدونکا